وہ لوگ جو ساری عمر محنت کرتے ہیں شروع میں کام یا جو بھی سلسلہ ہو بہترین شروعات ہوتی ہیں مگر انجام کار خراب ہوتا ہے یا آخر میں حاصل کچھ نہیں ہوتا وہ بھی زحل ہی کے زیر اثر ہوتے ہیں۔ زحل ہر شخص کے بارہویں' پہلے اور دوسرے آ کر ساڑھے سات سال کا ناقص دور دیتا ہے یعنی طالع میں آنے سے اڑھائی سال قبل ہی اس کی نحوست شروع ہو جاتی ہے۔ اس عرصہ کو ساڑھ ستی کہا جاتا ہے۔ بارھویں گھر میں زحل خفیہ دشمنوں سے خطرہ پیدا کرتا ہے انجانا سا خوف دل میں پیدا کرتا ہے۔' صحت کی خرابی لاتا ہے اور کاموں میں ناکامی دیتا ہے۔ جب طالع میں آتا ہے تو ہر طرف سے پریشانی لاتا ہے اولاد ساتھ نہیں دیتی' بیوی سے اختلافات یا ناکام شادی یا شریک حیات سے علیحدگی کے امکانات پیدا کرتا ہے' صحت کی خرابی لاتا ہے' عزیزوں سے جدائی' آنکھوں کی تکلیف' مال کا نقصان اور روزگار کی تنگی لاتا ہے۔ دوسرے گھر میں زحل کاروبار اور مال کے نقصان کا اندیشہ لاتا ہے۔ بیک نقصان لاتا ہے فضول خرچی' بے فائدہ سفر یا کوئی مالی حادثہ ہوتا ہے جس سے آدمی کے ہاتھ سے روپیہ نکل جاتا ہے۔ زحل کا دور 29 سال کا ہوتا ہے یعنی 29 سال میں 12 بروج کا فاصلہ طے کرتا ہے۔ گویا تیس سال کی عمر تک پہنچتے ہوئے ہر قسم کے تجربات اور اُتار چڑھاؤ سے واسطہ پڑ چکا ہوتا ہے اور اسی لئے 30 سال کی عمر میں آنے کے بعد انسان پختہ ہو جاتا ہے۔ ہر شخص اور بچہ کے ساتھ مشکلات اور پریشانیاں لگی ہوئی ہیں اس لئے زحل کی لوح کی برکت سے حالات خراب نہ ہوں گے اور اگر [illegible]

غلطی کی وجہ سے ہو بھی گئے تو بگڑیں گے نہیں اور نقصانات سے محفوظ ہو جائیں گے۔ اللہ تعالیٰ جو مسبب الاسباب ہے اس نے اس عالم سفلی کو اسباب قرار دیا ہے لہٰذا جب تک مناسب سبب اختیار نہیں کیا جاتا اس کا فائدہ نہیں ہوتا۔ اس عالم اسباب میں ظہور اسباب وحدت و موالید کو بغضائے آبائے علوی گردانا جاتا ہے۔ کیونکہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ:

والنجوم مسخرات بامرہ ٥

ترجمہ: یہ کواکب اللہ کے خاص امر کے پابند ہیں۔

اس کا صاف مطلب یہ ہے کہ ان کے اندر کچھ خاص اثرات ہیں جب اثر ہی نہ ہوگا تو مسخر ہونے کا کوئی خاص فائدہ نہ ہوگا۔ علمائے روحانیات نے کواکب کی تاثیریں معلوم کیں تو زحل کو قیام و استحکام، تسخیر سلطنت و فتوحات، ناموری، بزرگی اور عظمت کے حصول، اقبال مندی، قیام و مرتبہ اور غلبہ بر مخلوق کا ستارہ مانا گیا لہٰذا اگر وش فلکی میں جب وضع کواکب کو اس امر کا متقاضی دیکھتے ہیں تو اس خاص وقت میں مادہ مہیا کر کے اس پر پورا پورا اثر آبائے علوی کا آثار لیتے ہیں جس کے نتیجہ میں وہ آثار قدرت کاملہ الہیہ سے ظہور اثر کا سبب بن جاتا ہے۔ اور کھلے یہ دنیا اسباب کی ہے ایسا سبب ضرور تلاش کرنا پڑتا ہے جو انسان کو مصائب سے بچائے اس کے مرتبے کو استحکام دے اور اسے عظمت حاصل ہو۔

زحل تاریکی کا ستارہ ہے یہ اگر نیک ہو جائے تو دیگر تمام کواکب سے بڑھ جاتا ہے اور سب کے گھروں کی برکت اور مال اٹھوا کر اپنے ہی گھر میں لا کر جمع کر دیتا ہے اور زندگی بنا دیتا ہے یہ دولت کے دنیاوی سکھ کا مالک ہے۔ خوش قسمتی اور بدقسمتی دونوں ہمیشہ انسان کے گرد منڈلاتی رہتی ہیں۔ خوش قسمتی کو سبب سے حاصل کیا جا سکتا ہے اور بدقسمتی کو سبب سے دور کیا جا سکتا ہے یہ مناسب اسباب اختیار کرنا محض ذاتی مفاد کے لئے ہوتا ہے حقیقتاً یہ رعایت خدا نے انسان کو دی ہے اس سے فائدہ اٹھانا یا نہ اٹھانا انسان کا ذاتی کام ہے۔ کیونکہ اس نے اسباب کے طریقے بھی سکھائے اور علم بھی دیا ہے۔ دنیوی اسباب کے ساتھ ساتھ وہ مقام جہاں انسان ہر جگہ سے لاچار ہو جائے تو ایک اور سبب کو اختیار کرتا ہے وہ سبب روحانی علوم سے استمداد حاصل کرتا ہے مناسب وقت، مناسب دھات، مناسب رنگ، مناسب کپڑا اور مناسب اعداد کے امتزاج سے ایسی الواح تیار کی جا سکتی ہیں جو بلحاظ وقت بلحاظ قوت ایسا اثر دیتی ہیں جو جذب کی قوت لاتی ہیں۔ ذرائع اور اسباب مہیا کرتی ہیں جس سے بدقسمتی خوش قسمتی میں تبدیل ہو جاتی ہے۔ مثلاً

تسدیس یا تثلیث زہرہ و زحل: اس وقت نکاح، محبت، منگنی یا کسی بھی اس قسم کے تعلق کی بقا اور استحکام و پائیداری کیلئے خاص تاثیر ہوتی ہے۔ ان میاں بیوی کیلئے عمل تیار کیا جا سکتا ہے جن میں طلاق کا خدشہ ہو یا جو کہ رہتی ہو یا علیحدہ طلاق کے دونوں الگ الگ زندگی بسر کر رہے ہوں اس عمل کی برکت سے رفاقت قائم ہوگی اور علیحدگی کا خطرہ ختم ہو جائے گا۔ اسی طرح اگر کہیں نسبت طے ہو گئی ہو اور ٹوٹنے کا خطرہ ہو تو بھی اس کی برکت سے قائم رہے گی اسی طرح اگر کسی سے محبت ہے تو اس لوح کی برکت سے ٹوٹے گی نہیں۔

تسدیس و تثلیث عطارد و زحل: ان ضرورت مندوں کے لئے مفید ہے جن کے گھر رہ پیسہ تو آتا ہو مگر فوراً خرچ ہو جاتا ہو ٹھہرتا نہ ہو اور مقصود وہ پیسہ کا ٹھہراؤ ہوتا کہ آمدنی جمع ہوتی چلی جائے اس وقت اس عورت کیلئے لوح تیار کریں جو کسی وجہ سے سسرال میں رہنا پسند نہ کرتی ہو اور اپنے میکے جا کر بیٹھ گئی ہو اور اگر کوئی بچہ یا جانور یا نوکر بھاگ جاتا ہو تو اس عمل سے باندھا جا سکتا ہے۔

تسدیس و تثلیث شمس و زحل: یہ وقت جائیداد کی حفاظت، ملازمت کے استحکام، تاولے سے بچاؤ وغیرہ کے لئے موزوں ترین ہے اس وقت سے وہ لوگ فائدہ اٹھا سکتے ہیں جن سے مکان یا زمین یا جائیداد چھن جانے کا خوف ہو، خواہ مقدمہ ہو یا کسی ملازم پیشہ کو اپنی ملازمت کا خطرہ ہو اور یہ خوف ہو کہ شاید مجھے کسی بہانے سے الگ کر دیا جائے گا۔ یا کسی ملازم کو عارضی ترقی یا عہدہ مل گیا ہو اسے یہ خطرہ ہو کہ مجھے واپس عہدہ پر نہ بھیجا جائے اور اسی عہدہ پر استحکام ہو ایسے تمام افراد کے لئے اس وقت لوح تیار کی جائے۔


تسدیس و تثلیث مریخ و زحل: اس میں وہ سب لوگ فائدہ اٹھا سکتے ہیں جو مشینوں میں کام کرتے ہیں، فوج، پولیس یا اسی قسم کے کسی جنگجو پیشے میں ہوں یا وہ لوگ جو بارود کا کاروبار کرتے ہیں تاکہ وہ ہر قسم کے حادثہ سے محفوظ و مامون رہیں ایسے لوگ جو ٹرک یا بس چلاتے ہیں۔ کان کنی کے پیشے میں ہوں۔ غرض کسی بھی قسم کے جان جوکھوں کے پیشے میں ہو۔ اس عمل کو تیار کر کے پاس رکھیں تو محفوظ رہیں گے۔ دیئے گئے اوقات میں لوح تیار کریں جس میں سب سے بہتر وقت نوروز عالم افروز کا ہے۔ اسے گلے میں لٹکائیں یا ساتھ رکھیں تو ایک قوی اثر رکھنے والی باقوت چیز آپ کی زندگی کو بدلے گی یا بدیر اس کے اثرات خود دیکھ لیں گے۔ لازماً دوسروں سے اپنے آپ کو مختلف آرام اور خوشی کا مالک پائیں گے۔

نوروز کے موقع پر لوح زحل کا عمل جو ذیل کے تمام مقاصد کیلئے


کال ہے۔ اس کے ایک طرف اسم الٰہی یا فتاح یا رزاق کے اعداد 797 کی لوح ہے اس کو 48 کے عدد سے شروع کریں اور ترتیب وار پر کرتے ہوئے 129 پر ختم کریں اور لوح کے اوپر 786 اور یا فتاح یا رزاق لکھیں دائیں طرف اعوان کا نام میمون سیاف السحابی لکھیں اور بائیں طرف موکل کسفیائیل کا نام ہوگا۔ اس کی پشت پر مقررہ چال سے آیت ھو اللہ الرحمن الرحیم الملک القدوس کا نقش تحریر کریں اور باقی حروف اور طلسم جو چاہیں پہلے لکھیں اور جو چاہیں بعد میں لکھیں لیکن دونوں نقوش کو مقررہ چال سے پُر کرنا ہوگا۔ تیاری کے وقت ختم رسالت مآب ﷺ کے نام کا دیں کچھ صدقہ اور خیرات کر کے لوح پاس رکھیں۔ نقش کی رفتار یہ ہے۔


۴۵	۳۴	۲۳	۱۲	۱	۸۰	۶۹	۵۸	۴۷
۴۶	۴۴	۳۳	۲۲	۱۱	۹	۷۹	۶۸	۵۷
۵۶	۵۴	۴۳	۳۲	۲۱	۱۰	۸	۷۸	۶۷
۶۶	۵۵	۵۳	۴۲	۳۱	۲۰	۱۸	۷	۷۷
۷۶	۶۵	۶۳	۵۲	۴۱	۳۰	۱۹	۱۷	۶
۵	۷۵	۶۴	۶۲	۵۱	۴۰	۲۹	۲۷	۱۶
۱۵	۴	۷۴	۷۲	۶۱	۵۰	۳۹	۲۸	۲۶
۲۵	۱۴	۳	۷۳	۷۱	۶۰	۴۹	۳۸	۳۶
۳۵	۲۴	۱۳	۲	۸۱	۷۰	۵۹	۴۸	۳۷

لوح کا وفق ۷۹۷ ہے۔ ۴۸ سے شروع کر کے ۱۲۹ تک ترتیب وار پر کریں۔




لوح کی دوسری طرف مندرجہ ذیل چال کے مطابق نقش بنائیں۔





اس لوح کے خاص فوائد

☆ جن لوگوں پر زحل کی نحوست ہو وہ اس لوح کو استعمال کریں تاکہ نحوست سے محفوظ رہیں۔ ☆ جو لوگ گزشتہ سالوں میں پریشان رہے ہیں ان کو استعمال کرنا چاہئے تاکہ وہ مستقبل میں جلد اپنے پاؤں پر کھڑے ہو جائیں اور استحکام حاصل ہو۔ ☆ اس کی برکت سے خلقت پر تسلط حاصل رہے گا۔ ☆ اس لوح کی برکت سے زندگی کے تمام امور میں موجود پوزیشن برقرار رہے گی تنزلی نہ ہوگی اور آگے بڑھنے کیلئے راہیں کھلیں گی۔ (بقیہ صفحہ نمبر 38 پر ملاحظہ کریں)





اوقات گرہن پاکستان سٹینڈرڈ ٹائم		
سورج گرہن	14 [illegible] 5 بجکر 56 منٹ تا 9 بجکر 39 منٹ
چاند گرہن	28 [illegible] 6 بجکر 4 منٹ تا 10 بجکر 11 منٹ

باب العقود

☆ ......از تحریر: ابو العازی جاوید جعفری۔ لاہور

علمائے جفر اور عاملین و کاملین نے اعمال بندش پر کافی تحقیق و عرق ریزی کر کے مختلف طریقہ ہائے اعمال ترتیب دیے ہیں۔

قارئین آئینہ قسمت اور شائقین علم جفر کیلئے مجرب اعمال بندش پیش کر رہا ہوں جو حضرات اعمال سے مایوس ہو چکے ہیں ان کیلئے دعوت عمل ہے فیصلہ خود کر لیں۔ عقود جمع عقد کی ہے۔ عقد بمعنی باندھنا' عقد اللسان' عقد النوم' عقد النکاح' عقد الشہوت' عقد الزنا کے علاوہ اور بہت سے ایسے کام ہیں جن کا تعلق عقود سے ہوتا ہے عقد حروف صوامت کے اعمال سے کیا جاتا ہے حروف صوامت تیرہ ہیں اور وہ یہ ہیں۔

ا ح د ر س ص ط ع ک ل م و ہ

ضروریات میں سے چوتھائی کام حروف صوامت سے کئے جا سکتے ہیں۔ باندھنا اور روکنا صرف انہی سے ممکن ہے۔ ایسے اعمال ہبوط قمر یا قران نحس و قمر یا گرہن یا تحت الشعاع میں کئے جاتے ہیں۔ قمر عروج ثوابت کا ہونا چاہئے۔ دن بدھ یا ہفتہ کا ہو اور سیسہ پر لکھیں تو زیادہ موثر ہے۔ ایسے نقوش عموماً خاکی چال سے لکھے جاتے ہیں۔ نقش لکھتے وقت قطعاً کسی سے نہ بولیں۔ نہ کسی کی بات کا جواب دیں۔ ورنہ عمل باطل ہو جائیگا۔ عاملوں کو چاہئے کہ وہ حروف صوامت کی زکات نکالیں کسی بھی گرہن میں 543 مرتبہ لکھ کر باہر کسی جگہ قبرستان میں دفن کر دیں پھر ہر سال ایک دفعہ ضرور اس زکات کو دہرایا کریں۔ عمل صوامت خواہ کسی بھی قسم کا ہوگا جاری ہوگا۔ مثلاً

زبان بندی: اگر چاہے کہ کسی کی زبان بند کرے تا کہ اس کی طاقت اور شر سے محفوظ رہے اور وہ اپنے حق میں بولنے لگے تو مطلب کی ایک سطر درج ذیل طریقہ سے تیار کرو۔ عقد اللسان (نام مطلوب معہ اسم مادر) لی حق و غرض نام طالب معہ والدہ کی ایک سطر تیار کرو۔ دوسری سطر حروف صوامت کی لکھو اور دونوں کو امتزاج دو اگر حروف صوامت ختم ہو جائیں تو دوبارہ سے شروع کر دو ضرورت پڑے تو سہ بارہ بھی لے سکتے ہیں اب جو سطر امتزاج کی تیار ہو اس کی تکسیر جفری کر کے زمام برآمد کرو۔ اب نام مطلوب معہ والدہ کے اعداد نکال کر اعداد صوامت 543 ملا کر ایک مثلث خاکی تیار کرو اور تکسیر کی ہر سطر کے کلمات بنا کر تعویذ کے اردگرد لکھ دو۔ اگر حروف طاق ہیں تو تین یا پانچ کے کلمات بناؤ اور ان کو قانون اعراب کے ذریعے معرب کرو۔ نقش کے نیچے یہ عبارت لکھو۔

بستم عقل و ہوش و بطنِ احساس ظاہری و باطنی مطلوب معہ والدہ لی غرض و حق فلاں بن فلاں

ایک نقش طالب کو دو' دوسرا مطلوب کے تکیے میں رکھ دو یا اس کی گزرگاہ میں دفن کر دو انشاء اللہ مطلوب اس کے خلاف کچھ نہ کہے گا نہ کرے گا نہ سنے گا۔

تعلقات باندھنا: جن دو شخصوں کے درمیان ناجائز تعلقات ہوں اور وہ اس فعل قبیحہ سے باز نہ آتے ہوں تو اس نقش کو قمر در عقرب یا قمر در زوال میں بروز اتوار ساعت زحل میں کالی سیاہی سے لکھو اس کے نیچے یہ عبارت لکھو بستم فعل زنا فلاں ابن فلاں بین فلاں بنت فلاں بحق عزرائیل نقش کے اوپر ۷۸۶ نہ لکھو بلکہ احمر ما لکھو۔ نقش کو ایک سانس میں پُر کرو اور دونوں میں سے کسی ایک کے پرانے کپڑے میں لپیٹ کر کسی قبر میں دفن کر دو انشاء اللہ ان دونوں کے درمیان ناجائز قسم کے تعلقات ختم ہو جائیں گے خواہ مرد سے مرد کے ہوں یا مرد کے عورت سے ہوں۔

اجهزط

٩٨٠	٩٨٥	٩٧٧
٩٧٨	٩٨١	٩٨٣
٩٨٤	٩٧٦	٩٨٢

اصلاح اخلاق: اگر کسی شخص کی بیوی بد زبان ہو اور بوجہ بدشکلی مرد کے قابو سے نکل جاتی ہو یا کسی عورت کو مرد کے متعلق شکایت ہو تو وہ یوں کرے کہ نام معہ والدہ اعداد حروف صوامت 543 بحر والارض فرشنها فنعم الماهدون کے اعداد نکال کر کل کو جمع کر کے ایک مثلث خاکی تیار کریں اور طالب اسے بازو پر باندھ لے پھر دن میں جب بھی وقت ملے تو نام مطلوب کے اعداد کے مطابق تصور کر کے یہی آیت پڑھا کرے اور بعد ختم اس کی طرف تصور کر کے پھونک مار دیا کرے اول و آخر درود شریف تین تین مرتبہ پڑھے انشاء اللہ گیارہ دن میں مطلوب فرمانبرداری پر آ جائیگا۔

مطلوب کہیں نہ جائے: اگر کسی کا مطلوب شہر سے باہر جانا چاہے اور طالب کو یہ امر ناگوار ہو نیز جس شخص کی بیوی میکے میں ہی رہے اور سسرال میں بہت کم ٹھہرے اس کے لئے یہ عمل سود مند ہے طریقہ اس کا یہ ہے کہ قمر در عقرب یا قمر تحت الشعاع میں ہو نام مطلوب معہ والدہ کے اعداد نکالیں اور اس میں 543 کا اضافہ کر کے ایک مثلث خاکی پر کریں۔ رفتار مثلث خاکی یہ ہے۔

۴	۹	۲
۳	۵	۷
۸	۱	۶

حاشیہ مثلث پر مطلوب کا نام معہ والدہ لکھیں اور اپنے گھر کے دروازے کے باہر دفن کر دیں جہاں سے اس کے جانے کا احتمال ہو بحکم خدا مطلوب باہر قدم نہ رکھ سکے گا۔

دوسری جگہ رشتہ طے نہ کر سکے: اگر کسی شخص نے لڑکی کی نسبت ایک جگہ سے توڑ کر دوسری جگہ کرنے کا ارادہ کر لیا ہو اور غرض یہ ہو کہ وہ کسی دوسری جگہ رشتہ طے نہ کر سکے تو اس کیلئے یوں کریں کہ نام اس شخص کا معہ والدہ جس کے ہاتھ میں وہ رشتہ ہے۔ زیادہ اشخاص ہوں تو تمام کے نام معہ والدہ لے ہر ایک کے نام میں علیحدہ علیحدہ 543 عدد جمع کر کے ایک ایک مثلث خاکی تیار کرے ہر مثلث کے گرد مطلوب کا نام معہ والدہ اور حروف صوامت کے اخراج سے جو کلمات بنیں وہ بھی لکھیں۔ جس قدر نقش ہوں ان کو ایک جگہ لپیٹ کر تعویذ بنالو ایسے تین تعویذ تیار کرنے ہیں۔ ایک کو رشتہ والوں کی گزر گاہ یا ان کے مکان میں دفن کرا دو۔ دوسرے کو پانی میں بھگو کر وہاں چھڑک دو جہاں کوئی مجلس فیصلہ مقرر کی جاتی ہے۔ تیسرے کو قبر میں دفن کرو اور اس قبر سے تھوڑی سی مٹی اٹھالو جس کو اس جماعت کے اندر ڈال دو جو فیصلہ کرنے والی ہو۔ اگر فیصلہ ہو چکا ہو تو مطلوب کے گھر ڈال دو انشاء اللہ وہ مجلس یا لڑکی کے وارث تمہارے خلاف رائے نہ دے سکیں گے اور مطلوب بہر کیف حاصل ہوگا۔ رشتہ واپس مل جائیگا اس عمل کو استعمال کرنے کیلئے خواہ مجلس اپنے گھر بلا کر قائم کر دیا مطلوب کے گھر کرا دو انشاء اللہ سو فی صد کامیابی ہوگی۔ ناجائز ہرگز استعمال نہ کریں۔

اعمال حروف صوامت

☆.....از تحریر ندیم حیدر جعفری۔ کراچی

گرہن شمسی ہو یا قمری علم نجوم کے شعبے جیوتش میں بڑی اہمیت کے حامل ہیں خصوصاً گرہن کی نحوست بڑی انقلابی قسم کی ہوتی ہے۔ اس نحوست سے محفوظ رہنے کیلئے دین اسلام نے روحانی غسل کے طور نماز کسوف والنماز خسوف واجب قرار دیا گرہن کے اثرات کی حقیقت کو اظہر من الشمس فرما دیا۔ مگر ماڈرن اور مغربی تہذیب کے مقلد نحوست گرہن کے نظریہ کو دقیانوسی قیاسیات اور محض توہم پرستی خیال کرتے رہے۔ دراصل مادیت کے عفریت نے انہیں صرف مادی حواس کی حدوں میں مقید کر رکھا ہے۔ بالآخر مادی سائنس بھی ان نادیدہ اور غیر مرئی قوتوں کے اثرات کو ماننے پر مجبور اور محصور ہوگئی۔ چنانچہ میڈیکل سائنس کے عالمی ادارہ (عالمی ادارہ صحت) نے لوگوں کو خبردار کیا کہ گرہن کے صحت پر منفی اثرات مرتب ہو سکتے ہیں جس کے لئے احتیاطی تدابیر اختیار کی جائیں ادارہ نے متنبہ کیا کہ گرہن کے دوران مسلسل کھلی جگہ پر رہنے سے جلد کا کینسر ہو سکتا ہے۔ کنگ ایڈورڈ میڈیکل کالج میں شعبہ امراض چشم کے سربراہ پروفیسر نذیر احمد آسی کے بقول گرہن کے وقت خارج ہونے والی انفرا ریڈ شعاعیں معمول کی روشنی سے بہت زیادہ تیز ہوتی ہیں جو ایک سیکنڈ سے کم وقت میں آنکھ کے میکولا کو جلا دیتی ہے۔ جنرل ہسپتال کے آئی وارڈ کے سربراہ پروفیسر ڈاکٹر افضل شیخ نے کہا کہ سورج یا چاند گرہن کے وقت نکلنے والی الٹرا وائلٹ اور انفرا ریڈ ریز سے آنکھ کا وہ حصہ جہاں تصویر بنتی ہے جس کو ریٹینا کہتے ہیں کے ملٹے جل جاتے ہیں۔ سروسز ہسپتال (لاہور۔ پاکستان) کے سابق اسسٹنٹ پروفیسر ڈاکٹر محمد اسلم لون کہتے ہیں گرہن سے نکلنے والی شعاعیں آنکھ کے پردہ کے مرکزی حصہ سو یہ کو 90 فی صد جلا سکتی ہیں جو دوبارہ درست نہیں ہو سکتا۔ (شکریہ روزنامہ جنگ لاہور 8 اگست 1999)

قارئین محترم! یہ نظریات تو تھے سائنس کے گرہن کے دوران روحانی طور پر جن اعمال کی فوقیت حاصل ہے ان میں حروف صوامت غیر معمولی مشہور و معروف ہیں اس لئے بزم امروز میں انہی اعمال صوامت پر اکتفا کیا جائے گا۔ ماہنامہ آئینہ قسمت ایک روحانی فورم ہے جس میں ہر وقت

کی مناسبت سے اعمال درج کیے جاتے ہیں۔ ہر مرتبہ آپ سورج یا چاند گرہن کے دوران مختلف قلم کاروں کے کالم آپ نے پڑھے ہوں گے۔ کیونکہ یہ تمام مضامین خواہ خیر ہوں یا شر عوام کے وسیع تر مفاد میں ہی لکھے جاتے ہیں۔ میں آج دو اعمال حروف صوامت درج کر رہا ہوں۔ عمل عقد اللسان، عمل تسخیر مؤکل حروف صوامت یہ دونوں عمل بے حد موثر ہیں لیکن کسی کیلئے ناجائز مت کریں ایسا کرنیوالا دنیا و آخرت میں رسوا ہو گا ہاں جائز امور میں شریعت بھی اجازت دیتی ہے۔

عمل عقد اللسان

آپ کہیں رشتہ چاہتے ہیں اور فریقین ناراض ہیں کوئی مدعی ہے جس سے آپ کی عزت نفس کو خطرہ ہے افسران بالا کی زبان بندی مطلوب ہے یا کوئی پیچیدہ مرض ہے اس کی بندش کرنی ہے یقیناً آپ اس عمل سے مدد لے سکتے ہیں۔ مثلث و مربع کی ترکیب تو سب کو آتی ہے اس لئے مختصراً مثال دوں گا۔ اس عمل میں کمال کی چیز صرف خصوصی چالیں ہیں۔ یہ چالیں اور عمل کتاب "سر المکتوم" سے درج کر رہا ہوں۔

اعداد نام مطلوب : ١٥٠٥

اعداد فریقین : ٢٠١١

اعداد کتاب : ٢٠١٣

١٨٣٩=٣+٥٥١٧=١٢_٥٥٢٩

نقش

١٨٤١	١٨٤٥	١٨٤٣
١٨٤٢	١٨٤٠	١٨٤٧
١٨٤٦	١٨٤٤	١٨٣٩

خصوصی چال

٣	٧	٥
٤	٢	٩
٨	٦	١

ایسی تین مثلث پر کریں ایک ریزہ کر کے قبر میں دفن کریں دوسری کو مردہ کے قبر کی مٹی ملا کر اس جماعت یا جگہ کے اندر ڈالیں جن کی تسخیر چاہتے ہیں (اگر جماعت یا جگہ پر مٹی نہ ڈال سکیں تو یہی طریقہ عرق گلاب و کٹورہ سے کریں) تیسری مثلث کو موم کے پتلے کے پیٹ میں رکھیں اور منہ میں مربع رکھیں جس کی تفصیل ذیل میں دی جاتی ہے۔

اعداد مطلوب : ١٥٠٥

اعداد فریقین : ٢٠١١

اعداد کتاب : ٢٦٢٤

٦١٤٠_٣٠=٦١١٠+٤=١٥٢٧ کسر خانہ ٩

چال نقش

٨	١٤	١١	١
٣	٩	١٦	٦
١٠	٤	٥	١٥
١٣	٧	٢	١٢

نقش

١٥٣٤	١٥٤١	١٥٣٨	١٥٢٧
١٥٢٩	١٥٣٦	١٥٤٣	١٥٣٢
١٥٣٧	١٥٣٠	١٥٣١	١٥٤٢
١٥٤٠	١٥٣٣	١٥٢٨	١٥٣٩

اب یہ پتلا کے منہ میں رکھو (مثلث و مربع کے نقوش کے اطراف نام مطلوب و فریقین اعداد حروف صوامت اخراج کر کے لکھیں) کہ کسی اندھیری جگہ رکھیں۔ اس عمل کی تاثیر یہ ہے کہ 24 گھنٹے میں اللہ تعالیٰ مدد کرتا ہے۔ یہ عمل حصول رشتہ میں اکسیر کا درجہ رکھتا ہے۔

تسخیر مؤکل حروف صوامت

حروف صوامت۔ کافی کچھ لکھا جا چکا کافی عملیات آپ نے کبھی پڑھے بھی ہوں گے لیکن ایسا لاثانی عمل کہیں نہ پڑھا ہو گا کہ مشکل ترین عمل میں سے ایک ہے۔ لیکن بعد از تسخیر سمجھ لیں تصرفات و تسخیرات کا خزانہ مل جائے گا جس طرح اعمال صوامت جلد اثر کرتے ہیں اسی طرح اس کا مؤکل بھی کام کرتا ہے۔ لیکن عمل سوچ سمجھ کر کریں اپنی ہمت و حوصلہ کو مدنظر رکھیں اور نہ ہی عمل ادھورا چھوڑیں اور نہ ناغہ کریں ورنہ اس کی سخت ترین رجعت سے نہ بچ پائیں گے۔ میں آپ کی رہنمائی کیلئے مکمل ہدایات درج کر رہا ہوں تاکہ آپ کو عمل میں تقویت ملے اور آپ کامیابی سے ہمکنار ہوں۔

پرہیز : پرہیز جلالی و جمالی ہو گا۔ تنہا اور پاک صاف کمرہ ہو جہاں لوگوں کی آمد و رفت نہ ہو۔ عمل کا کسی سے اظہار نہ کریں لباس احرامی (بغیر سلا) اور خوب معطر ہو۔ روزانہ مقررہ وقت اور جگہ یہ عمل کریں۔ ہر وقت باوضو رہیں۔

ترکیب عمل : دیسی مرغی کے تیرہ عدد تازہ انڈے حاصل کریں اب ہر انڈے پر باوضو بخور جلا کر تنہا جگہ پر ایک حروف مع اشعار و قوت الحروف کالی سیاہی سے (جو اسی غرض سے تیار کی گئی ہو سرکنڈے کے قلم سے رجال الغیب کا خیال رکھتے ہوئے تحریر کریں) پھر ان تمام انڈوں کو باترتیب کسی لکڑی کے نئے اور پاک صاف بکس (یہ بکس بھی عروج ماہ کسی پرہیز گار کی

لازمی پڑھیں سے پہلے ہی تیار کروا کر رکھیں) محفوظ رکھ دیں اب روز اول اندھیرے کمرے میں جو شرائط عمل پر پورا اترتا ہو میں بیٹھ کر پہلا حرف الف کا ہے لیں اور اس جگہ پر 111 مرتبہ عزیمت پڑھیں اور اسے کو بکس میں رکھ دیں۔ خیال رہے کہ اس تمام عمل (پڑھنے کے دوران) کے وقت اپنی آنکھیں بند رکھیں۔ اب دوسرے روز دوسرے حرف کا انڈا نکر بالکل پہلے روز کی طرح اندھیرے میں عمل کی عزیمت کو 9 بار پڑھیں۔ اسی طرح ہر روز انڈے پر متعلقہ حرف کی تعداد ملفوظی کے مطابق عزیمت پڑھیں۔ گویا یہ پڑھائی 13 یوم میں مکمل ہوگی۔ اب پڑھائی تمام کرنے کے بعد روزانہ انڈوں کو یکجا رکھ کر عزیمت عمل 543 مرتبہ پڑھا کریں۔ اسی طرح 8 یوم عمل کریں۔ انشاءاللہ 21 یوم سے قبل ہی حروف صوامت کا موکل بشکل آپ کے پاس حاضر ہوگا۔ اگر 21 یوم سے قبل گفتگو کرے تو جواب نہ دیں لیکن سلام کا جواب دل میں دے لیا کریں۔ آخری دن اپنی پڑھائی مکمل کر کے اس سے اطمینان سے باہوش بات کریں۔ عہد و پیمان سوچ سمجھ کر کریں۔ کوئی شرط ایسی نہ مانیں جو پوری نہ کر سکیں۔ موکل آپ کو حروف صوامت کی کلید دعوت عطا کرے گا۔ اس سے آپ کے حروف صوامت کے تمام اعمال جاری ہو جائیں گے۔ پھر جب بھی ضرورت ہو آپ 543 مرتبہ عزیمت پڑھیں اسی وقت موکل حاضر ہوگا۔

عزیمت: اجب یا بحقائیل بحق آلم آلم طس طسٓم ص و بحق اسم اللّٰہ الاعظم احضرونی احضرونی القلاۃ الم حالف والانعم رآلف سہباؤلن صاد الارف طالف عبازلن کاالالف لاما لہم مہمالیمم وارالارلو ھالف یاایہا الملک الحروف الصوامت احضرو بحق قوۃ الحروف بجمع لی مبح کی واہ طہم صمی راہ بہح جہد داد سہس نہی.

ضروری احتیاط: حاضری موکل میں خیال رکھیں اسے معمولی معمولی باتوں کیلئے حاضر نہ کریں لوگوں میں کبھی بھی حاضری کا عمل نہ کریں جہاں حاضری مطلوب ہو وہ جگہ خوب معطر اور پاک ہو اور وقت حاضری بخور سلگانا ضروری ہے۔ اپنے کام کے بعد بعد عزت و احترام سے جانے کی اجازت دیں۔ آخر میں ادارہ آئینہ قسمت محترم شاہ زنجانی صاحب اور زنجانی برادرز اور مجھ گنہگار کے حق میں دعائے خیر فرمائیں۔

طریقہ خصوصی زکات حروف صوامت

یوں تو دنیائے روحانیات میں کئی ایک طرائق زکات حروف صوامت رائج ہیں جن میں مشہور طریقہ کسی بھی گرہن میں حروف صوامت "احد رسمن طعک لموہ" کو 543 بار لکھنا ہے پھر روزانہ 13 مرتبہ لکھنے کی مداومت کے علاوہ ہر گرہن میں تجدید زکات بھی کرنی ہے۔ لیکن میں جو طریقہ لکھ رہا ہوں یہ میرے پاس قلمی بیاض میں درج ہے اور میں نے نہایت مجرب پایا ہے۔ علوم مخفیہ کا ایک راز عیاں کر رہا ہوں ویسے تو ہر روحانی جرائد میں عاملین اپنے سینے کے صدری راز ہی نقل کرتے ہیں مگر جب تجربہ کیا جائے تو ایک بھی معیار پر پورا نہیں اترتا۔ میں ان خرافات سے ہٹ کر ایک خالص تجربہ شدہ طریقہ زکات آپ کو پیش کر رہا ہوں۔ انشاءاللہ آپ تعریف کئے بغیر نہ رہ سکیں گے۔

طریقہ زکات: حسب شرائط زکات پابندہ کر اس قاعدہ سے حروف صوامت کی زکات ادا کریں۔ حروف کو ملفوظی کریں اور اعداد نکال کر ان اعداد کے حروف بنائیں پھر ان کو ملفوظی کریں۔ ملفوظی کو پھر ابجد عددی میں لکھیں اب اعداد ملفوظی حروف تعداد عربی عددی اور تعداد ملفوظی عددی جمع کریں۔ اب میں آپ کی آسانی کیلئے صرف حروف "الف" کی تشریح کروں گا باقی حروف صوامت کا عمل آپ خود تیار کر لیں

مثال: حرف الف کے اعداد 111 ہوئے حروف ای ق بنے ان کو ملفوظی کیا تو الف یا قاف بنے اب انہیں عربی عددی کیا تو ترتیب یہ بنی

ا ل ف ی ا ق ا ف

احد ثلثین ثمانین عشرہ احد مائۃ احد ثمانین

کل حروف 36 ہوئے اور ملفوظی حروف 8 ہوئے کل 111 اب ان سب کو جمع کیا تو 111 + 8 + 36 = 155 ہوئے

155-100=55 لہٰذا اسم روی ہ ن استخراج ہوئے جن کو مرکب کیا تو لفظ طلسم ہوا (اس طریقے میں آپ کو لفظ اسم کے عدد نفی کرنے ہوں گے جیسا کہ مذکورہ مثال میں 100 عدد نفی کئے گئے) اب طریقہ پڑھائی یہ ہوگا۔ اجب یا اسرائیل بحق یا الف ھنسم یہ عزیمت آپ نے وقت گرہن 155 مرتبہ لکھنی اور پڑھنی ہوگی۔ بالکل اسی طرح ہر حروف کی عزیمت استخراج کر کے عمل کریں تو زکات "حروف صوامت اسراری" ادا ہو جائے گی۔

مشتری کی ساعت مال و دولت

☆......از تحریر: مسز میجر اقبال حسین کاظمی۔ راولپنڈی

سب سے پہلے آپ نفس کی پاکی کریں شرف کی آمد سے قبل ایک ہفتہ تک گوشت کی اشیاء کا استعمال بند کر دیں اور 101 مرتبہ

روزانہ یا سمیع الدعا پڑھیں پھر سورۃ ابراہیم ایک بار پڑھیں پھر 101 مرتبہ یا مجیب الدعا پڑھیں جس دن نقش لکھنا ہو تہجد تک پاک صاف کر کے اس میں بخور مشتری لگائیں۔ جائے نماز بچھا کر دو نفل حاجت کے پڑھیں دو نفل کربلا کے شہیدوں کیلئے پڑھیں دو نفل بی بی پاک کی ذات اقدس کیلئے پڑھیں۔ اب 100 مرتبہ استغفار کی تسبیح پڑھیں اس کے بعد چال الغیب کا خیال رکھ کر مندرجہ ذیل نقش کو چاندی کی لوح یا ہرن کی جھلی پر لکھ لیں۔ چال کے مطابق جب نقش لکھ لیں تو پھر 101 مرتبہ یا سمیع الدعا درمیان میں سورۃ ابراہیم ایک بار پھر یا مجیب الدعا 101 بار پڑھ کر نقش پر دم کر دیں اور ملک لگا کر نقش کو گلے میں پہن لیں یا صندوق میں پرس میں رکھ لیں۔ جب تمام کام ختم کر لیں تو پھر کلو چینی حشرات کو ڈال دیں اور اپنے وزن کے برابر آٹا کسی یتیم کو دے دیں لوح کا صدقہ 501 روپے کسی یتیم کو دے دیں۔ اس کے بعد ہمیشہ جمعرات کو یہی سورۃ اسی ترتیب سے پڑھ لیا کریں۔ اگر بھول جائیں تو اگلے دن توجہ کے ساتھ پڑھ لیا کریں پانچ جمعرات تک اس کے بعد چھوڑ دیں۔ پھر اس نقش کی تاثیر دیکھئے کس طرح ضرورت پوری ہوتی ہے۔ قاعدے کے مطابق ہیئت قائم کریں۔ بخور جلائیں۔ چال نقش یہ ہے

۱۰	۱۵	۴	۵
۸	۱	۱۴	۱۱
۱۳	۱۲	۷	۲
۳	۶	۹	۱۶

نقش یہ ہے:

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

۶۱۴۵۶	۶۱۴۶۱	۶۱۴۵۰	۶۱۴۵۱
۶۱۴۵۴	۶۱۴۴۷	۶۱۴۶۰	۶۱۴۵۷
۶۱۴۵۹	۶۱۴۵۸	۶۱۴۵۳	۶۱۴۴۸
۶۱۴۴۹	۶۱۴۵۲	۶۱۴۵۵	۶۱۴۶۲

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

بقیہ: اوج عطارد

☆ جن کی قسمت میں جائیداد نہ ہو وہ لوگ اس لوح کو پہنیں ☆ یا وہ لوگ جن کو زمین کا کام کرنے کا شوق ہو یا زمیندار ہوں مگر بدقسمتی ساتھ نہ چھوڑتی ہو یا عزت کے جانے کا خطرہ ہو۔ ☆ حصول املاک و صاحب جائیداد ہونے کے لئے موزوں ہے۔ ☆ تعمیر مکان میں التوا ہو یا کسی مکان پر ضرور سے مکروہ رہتا ہے اور مکین ہمیشہ خوشحال رہیں گھر میں برکت ہو۔ ☆ جن کے گھر کو نحوست نہ چھوڑتی ہو وہ اگر گھر میں لٹکائیں نحوست دور ہو۔ ☆ ایسے لوگ جو طلاقت میں ناموری کے خواہاں ہوں۔ ☆ جن لوگوں کی بڑی بڑی فرمیں یا کارخانے ہیں اور بہت طاقت ماتحت ہو اور استحکام ہو اور استحکام و تسلط کیلئے یہ لوح لٹکائیں۔ ☆ روپیہ ذخیرہ نہ ہو ہر وقت مالی تنگی رہتی ہو۔ ☆ اس لوح کی برکت سے جائیداد ہاتھ سے نہیں نکلتی۔ ☆ دشمن پر ہمیشہ غالب رہتا ہے۔ ☆ وہ معاملات میں صلح کرنے یا میاں بیوی میں آئے دن اختلافات کو دور کرنے کیلئے یہ لوح استعمال کریں۔ ☆ جن لوگوں کو تجارت سے نفع نہ ہوتا ہو وہ پاس رکھیں۔ ☆ صاحب لوح کی حق تعالیٰ تمام مشکلات کو دور کر دیتا ہے غیب سے حاجتیں پوری ہوں گی بلکہ تسخیر عام کے لئے خوب ہے۔ جنکے پاس یہ لوح ہوگی دوست و دشمن اس کا کہا ماننے سے سرتابی نہ کر سکیں گے۔ زحل کی نحوست خواہ وقتی ہو یا پیدائشی دونوں کو دفع کرے گی۔

اس لوح کو گھر کے ہر فرد کے لئے بنوائیں کیونکہ آج کل ہر شخص کیساتھ مشکلات اور مصیبتیں لگی ہوئی ہیں اور ہر شخص ہی مشکل زندگی گزار رہا ہے۔ اس کو بنوا کو گھر کے ہر فرد کو مستقبل کا تحفہ دیں اس سے بہتر تحفہ اپنی آنے والی نسلوں کو آپ نہ دے سکیں گے۔ لوح تیار کرنے کے بعد سترہ چھٹانک ماش سیاہ صدقہ کریں اور حضور پر نور ﷺ کا ختم دلائیں اور مقصد کی دعا مانگ کر پہن لیں۔



بونس قسط

سبق نمبر 21

ابجد نجوم

حالات زندگی اور نجوم

نجوم کی زبانی اردو سے علم نجوم سیکھیں

از تحریر: ڈاکٹر اعجاز حسین بٹ۔ راولپنڈی

علم فلکیات سے حالات زندگی کیونکر معلوم کئے جا سکتے ہیں یہ وہ اہم بات ہے جسے جاننے کیلئے خاص و عام دلچسپی رکھتے ہیں۔ دراصل مقصد نجوم ہی یہی ہے کہ ہم ان باتوں کو جانیں جو ہمارے سامنے نہیں ہیں۔ دوسرے لفظوں میں جو ہم سے پوشیدہ ہیں۔ ظاہر ہے اس بات کیلئے کسی ایسے علم کی ضرورت ہوگی جو حالات غیب سے پردے اُٹھا سکے۔ اس مقصد کے حصول کیلئے بہت سے علموں کا سہارا لیا جا سکتا ہے اور وہ علوم یہ ہیں۔ نجوم، رمل، دست شناسی وغیرہ ہم۔ ہمیں سر دست علم نجوم پر بات کرنا ہے کہ ایک زائچے کیونکر پڑھے جاتے ہیں۔ علم میں بہت سے زائچے استعمال ہوتے ہیں جو ہماری زندگی کے مختلف شعبوں سے تعلق رکھتے ہیں ان میں سے ایک زائچہ پیدائش ہے یہ طبعی عمر معلوم کرنے سے تعلق رکھتا ہے اس کی ضرورت یوں پیش آتی ہے کہ جس کے زائچے پر ہم نجوم کی رو سے دلیلیں پیش کریں گے کہ اس صاحب زائچہ کی طبعی عمر کتنی ہے تاکہ زائچے سے اس کے مطابق اخذ حالات کئے جائیں۔ ہمارے فیصلے سائل کی زندگی کے مطابق اور اس کی زندگی سے لگا کھاتے ہوں ورنہ اس بارے میں نجوم پر محنت بے مقصد و بے کار ہوگی۔

حالات زندگی معلوم کرنے کے لئے یہ بات ضروری ہوتی ہے کہ ہم پہلے صاحب زائچہ کی عمر معلوم کریں اب دیکھنا یہ ہوگا زائچے سے عمر کیسے معلوم ہوتی ہے۔ اس بات کے لئے زائچے میں پہلا، آٹھواں اور تیسرا گھر دیکھا جاتا ہے۔ نجوم کا ایک عام اصول ہے کسی بھی گھر سے اس سے بارہویں گھر کے منسوبات کو نقصان پہنچتا ہے یعنی اسے نقصان پہنچاتا ہے۔ مثلاً طالع حمل کے زائچے میں بارھواں گھر حوت ہوگا اس کا مطلب یہ ہوا کہ برج حوت جو حمل کے زائچے میں بارھواں ہے حمل کو نقصان پہنچائے گا کیونکہ زائچے میں بارھواں گھر پہلے گھر کیلئے ضرور رساں ہوتا ہے۔ نتیجے تک پہنچنے کیلئے ہمیں دیکھنا ہوگا زائچے میں کون کون سے گھر صاحب زائچے کی عمر سے تعلق رکھتے ہیں۔ اس کیلئے پہلا، تیسرا اور آٹھواں گھر دیکھا جاتا ہے کہ یہ گھر صاحب زائچہ کی عمر سے تعلق رکھتے ہیں۔ یہ گھر یعنی پہلا، ساتواں اور بارھواں گھر عمر کو نقصان پہنچاتا ہے۔ یہ نقصان اس طرح

زائچہ حمل منقلب برج	زائچہ ثور ثابت برج	زائچہ ذوجسدین
1، 2، 3، 4، 5، 6، 7، 8، 9، 10، 11، 12، عمر کا گھر	1، 2، 3، 4، 5، 6، 7، 8، 9، 10، 11، 12، عمر کا گھر	1، 2، 3، 4، 5، 6، 7، 8، 9، 10، 11، 12، عمر کا گھر

واقع ہوتا ہے کہ پہلے گھر سے بارھواں، بارھواں ہوتا ہے۔ اس لئے طالع کو خراب کرتا ہے۔ اسی طرح ساتواں آٹھویں سے بارھواں ہوتا ہے۔ اس لئے عمر کو نقصان دیتا ہے۔ یہ نقصان اس لئے ہوتا ہے کہ ہر گھر کا بارھواں گھر نقصان پہنچاتا ہے۔ کسی بھی گھر سے بارھواں گھر اس گھر کو جس سے وہ بارہویں واقع ہوا ہے نقصان دہ ثابت ہوتا ہے۔ بارہویں گھر پہلے گھر کے لئے نیک اثرات رکھتا ہے کہ اپنے سے دوسرے گھر کے منسوبات کو نقصان پہنچاتا ہے۔ کسی بھی زائچے میں اگر طالع میں چر یعنی منقلب برج ہو تو گیارھواں گھر اس زائچے کے لئے مضر ہوتا ہے۔ جب طالع میں برج ثابت یعنی ستھر برج ہو تو نواں گھر زائچے کے لئے نقصان دہ ہوتا ہے اور اگر طالع میں یعنی لگن میں برج ذوجسدین 'دوسبھاؤ' ہو تو ساتواں گھر صاحب زائچے کیلئے برے اثرات رکھتا ہے۔ ان حالات کے مطابق یہ تینوں گھر ہندی نجوم میں بھدک (Bhadak) یعنی نقصان پہنچانے والے گھر مانے گئے ہیں۔ اس بات کو زائچوں کی صورت میں پیش

کرتے ہیں۔ پہلا زائچہ برج حمل سے تعلق رکھتا ہے۔

چر یعنی منقلب برج کے لئے	گیارہواں گھر مس
استھر یعنی ثابت برج کے لئے	نواں گھر مس
دوسبھاو یعنی ذوجسدین کے لئے	ساتواں گھر مس

اگر زائچے سے صحت کے بارے میں دیکھنا ہو تو صحت کے لئے پہلے گھر کو دیکھا جاتا ہے۔ مرض اور علاج کے لئے چھٹے گھر کو ملحوظ رکھنا ضروری ہوتا ہے۔ پہلا گھر، پانچواں گھر اور گیارہواں گھر صحت کے لئے مناسب خیال کئے جاتے ہیں ان گھروں میں سے پہلا صحت' پانچواں چھٹے سے بارہواں گھر ہے اس لئے صحت کی نشان دہی کرتا ہے۔ گیارہواں گھر بارہویں سے بارہواں ہے۔ اس لئے اس کو نقصان پہنچانے کی صلاحیت رکھتا ہے۔ چھٹا گھر بیماری اور کمزوری کو ظاہر کرتا ہے اور صحت کے لئے زائچے میں پہلا' پانچواں اور گیارہواں گھر ہوتا ہے۔ چھٹے گھر سے بارہواں یعنی پانچواں' بارہویں سے بارہواں' گیارہواں گھر بنتا ہے اس لئے مذکورہ گھر صحت کی نشاندہی کرتے ہیں۔

حادثات: حادثے کے لئے آٹھویں اور بارہویں گھر دیکھتے ہیں۔ آٹھواں سخت بیماری' حادثے اور خودکشی کو ظاہر کرتا ہے۔ بارہواں صاحب زائچہ کو نقصان پہنچاتا ہے۔ بیماری کے زمانے کو ظاہر کرتا ہے۔ انسانی زندگی میں سیارہ مریخ' زحل' راس اور ذنب حادثات سے دوچار کرتا ہے۔

تعلیم: اس کیلئے چوتھا' نواں اور گیارہواں گھر دیکھا جاتا ہے۔ چوتھا تعلیم سے تعلق رکھتا ہے۔ یہ گھر امتحان کی تیاری' تعلیمی استعداد' باقاعدہ سکول اور کالج کی پڑھائی ظاہر کرتا ہے یعنی سکول اور کالج کی تعلیم کو چوتھے گھر سے دیکھا جاتا ہے۔ نواں گھر اعلیٰ تعلیم اور گہرے مطالعہ سے بھی تعلق رکھتا ہے۔ اس لئے تعلیمی کامیابی گیارہویں گھر سے دیکھی جاتی ہے۔ چھٹا گھر مقابلے کے امتحان کیلئے دیکھا جاتا ہے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ چھٹا گھر ساتویں گھر سے بارہواں ہوتا ہے جو مد مقابل کیلئے نقصان کا باعث ہوتا ہے لیکن صاحب زائچہ کیلئے مفید ثابت ہوتا ہے۔ چھٹا گھر مقابلے کے امتحان کو اس لئے ظاہر کرتا ہے کہ یہ ساتویں گھر سے بارہواں ہوتا ہے یہ بات ساتویں گھر کے لئے کم مفید ہوتی ہے۔ لیکن صاحب زائچہ کو فائدہ پہنچاتی ہے۔

حادثہ: حادثوں کے لئے آٹھواں اور بارہواں گھر دیکھنا چاہئے یہ گھر سخت بیماری اور خودکشی کو ظاہر کرتا ہے۔ پہلا گھر صاحب زائچہ کی صحت سے تعلق ہوتا ہے اور اس گھر کو بارہواں گھر نقصان پہنچاتا ہے۔ اس لئے بیماری اور حادثے کے باعث صاحب زائچہ کو بستر پر ڈال دیتا اور ہسپتال پہنچا دیتا ہے۔ عام طور پر مریخ' زحل' راس و ذنب حادثے کراتے ہیں۔

تعلیم: یہ معلوم کرنا ہو کہ صاحب زائچہ کتنی تعلیم حاصل کرے گا تو اس کے لئے چوتھا' نواں اور گیارہواں گھر دیکھا جاتا ہے۔ چوتھا گھر عام تعلیم سے تعلق رکھتا ہے۔ یہ گھر امتحان کی تیاری کو بھی ظاہر کرتا ہے اس گھر سے باقاعدہ تعلیم لی جاتی ہے یعنی سکول اور کالج میں باقاعدہ پڑھنا۔ اعلیٰ تعلیم کے لئے نواں مخصوص ہے۔ گیارہواں گھر سائل کی امیدوں اور ان کے پورا ہونے کو بتاتا ہے۔ چھٹا گھر مقابلے کے امتحان کے لئے ہوتا ہے۔ یہ گھر ساتویں سے بارہواں ہے۔ اس لئے ساتویں گھر کو نقصان پہنچاتا ہے۔ دشمن کو بھی ساتویں گھر سے دیکھا جاتا ہے اس لئے اس سے بارہواں گھر یعنی چھٹا گھر ساتویں کا دشمن ہوا۔ اگر دیکھنا ہو کہ تعلیم کب اور کیسے ختم ہوئی یا ہوگی تو تیسرے گھر کو جو چوتھے گھر سے بارہواں دیکھتے ہیں۔ اس لئے تعلیم کا انجام و اختتام ظاہر ہوتا ہے۔ پانچویں گھر چھٹے سے بارہواں ہے اور آٹھواں نویں گھر سے بارہواں ہوتا ہے۔ اس لئے یہ گھر اختتام تعلیم کو ظاہر کرتے ہیں زائچے میں عطارد اور مشتری تعلیم کے سیارے مانے گئے ہیں۔

زمین و مکان: چوتھا' گیارہواں اور بارہواں گھر زمین مکان یعنی گھر کو بتاتا ہے ان گھروں سے ہم یہ حالات دیکھ سکتے ہیں کہ زمین و مکان کیسے ہیں سستے یا مہنگے ہیں۔ چوتھا گھر' گھریلو عمارت یا املاک کو ظاہر کرتا ہے جبکہ گیارہواں گھر نفع اور نقصان کو ظاہر کرتا ہے۔ بارہواں گھر زمین و عمارت کی قیمت کی ادائی کا گھر ہے۔ بارہواں گھر خرچ و اخراجات کا ہے اس لئے رقم یا قیمت کی ادائی اور وصولی اس گھر سے لی جائے گی۔ تیسرے' پانچویں اور دسویں گھر سے زمین اور عمارت کی فروخت کو لیں گے۔ تیسرا گھر چوتھے سے بارہواں ہے اس لئے زمین مکان یا گھر کے ضیاع یعنی نقصان کو ظاہر کرتا ہے۔ پانچواں گھر ساتویں سے گیارہواں ہے اس لئے مکان زمین یا گھر خریدنے والے شخص کو فائدہ پہنچاتا ہے جبکہ دسواں گھر ساتویں سے چوتھا ہے۔ اس لئے خریدار کو فائدہ یا حصول زمین مکان یا گھر سے ہوگا۔ مریخ زائچے میں عمارت مکان زحل زمین یا جائیداد کو ظاہر کرتا ہے۔

شادی خانہ آبادی: زائچے میں جو گھر بیاہ اور نکاح کو ظاہر کرتے ہیں وہ ساتواں اور گیارہواں گھر ہوتا ہے۔ دوسرا گھر کنبے اور خاندان کو ظاہر کرتا ہے۔ ساتواں میاں بیوی کا گھر ہے یہ قانونی رشتہ ہے۔ ساتواں گھر خاص طور سے شادی بیاہ کی نشان دہی کرتا ہے جبکہ گیارہواں مستقل دوستی کو ظاہر کرتا ہے۔ اگر آپ نے میاں بیوی میں اتفاق' طلاق یا جدائی کو دیکھنا ہے تو پہلے' چھٹے اور دسویں گھر کو دیکھیں۔

اس بارے میں یہ گھر آپ کی راہنمائی کریں گے کیونکہ دوسرے ساتویں سے یہ گھر شادی کے حق میں نہیں ہوتے۔ زہرہ شادی و نکاح کے معاملات سے خاص تعلق رکھتا ہے۔

بچوں کی پیدائش : اگر یہ دیکھنا مقصود ہو کہ صاحب زائچہ کے بچے کیسے اور کب ہوں گے تو دوسرے' پانچویں اور گیارہویں گھروں کو دیکھنا ہوگا۔ دوسرا گھر زائچے میں کنبے اور خاندان کو ظاہر کرتا ہے۔ اس لئے بچے کی آمد یا پیدائش سے خاندان میں اضافہ ہوتا ہے جو دوسرے گھر سے تعلق رکھتا ہے۔ پہلا بچہ یا حمل پانچویں گھر سے لیتے ہیں کیونکہ پانچواں اولاد اور بچے کی پیدائش کو ظاہر کرتا ہے۔ گیارہواں گھر ساتویں گھر سے پانچواں ہے جو بیوی کی اولاد کو بتاتا ہے۔ گیارہواں گھر مرد کے زائچے میں اُمید اور اولاد کو ظاہر کرتا ہے جبکہ گیارہواں گھر عورت کے زائچے میں پانچواں ہوتا ہے۔ اس لئے بچوں کو ظاہر کرتا ہے۔ جب ہم پہلے چوتھے اور دسویں گھروں کو دیکھتے ہیں تو ان سے اولاد کی نفی ظاہر ہوتی ہے کیونکہ یہ گھر ان گھروں سے بارہویں ہوں گے جو اولاد دیتے ہیں جیسا کہ پہلے بتا چکے ہیں کہ دو' پانچ اور گیارہواں گھر اولاد سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان گھروں سے بارہواں گھر یعنی پہلا چوتھا اور دسواں گھر اولاد سے انکار کرتے ہیں اس کا تعلق مردانہ زائچے سے ہوگا۔ سیارہ مشتری اولاد دینے والا سیارہ ہے اس لئے مشتری کو خصوصی طور پر دیکھیں گے جو اولاد سے خاص تعلق رکھتا ہے۔ عورتوں کے زائچے میں سیارہ قمر کو دیکھتے ہیں کہ یہ ان میں بار آوری اور اولاد پیدا کرنے کی صلاحیت کو ظاہر کرتا ہے جبکہ شمس قوت مردمی سے تعلق رکھتا ہے۔

عام سفر یا بیرون ملک سفر : اگر ہمیں یہ معلوم کرنا ہے آیا سفر ہوگا یا نہیں تو تیسرے' نویں اور بارہویں گھر کو دیکھیں گے کہ یہ گھر ترک سکونت یعنی اندرونی' بیرونی سفر کو ظاہر کرتا ہے۔ تیسرا گھر چوتھے سے بارہواں ہے جو سکونت اور اُس کے باعث آرام کو ظاہر کرتا ہے اس لئے سکونت میں خلل پڑتا ہے اور یہ بات سفر کا ذریعہ بنتی ہے۔ چوتھا گھر قیام اور رہائش کا گھر ہے۔ نواں گھر لمبے سفر یا بیرون ملک سفر کو بتاتا ہے اور تیسرا گھر مقامی نقل و حرکت یعنی چھوٹے سفر کی طرف اشارہ کرتا ہے۔ بارہواں گھر بیرون گھر سے تعلق رکھتا ہے کہ یہ گھر سکون و سکونت کو خراب کرتا ہے۔ اس لئے ہماری زندگی میں سفر پیش آتے ہیں۔ سفر سے واپسی کے لئے تیسرے' نویں اور گیارہویں گھر کو دیکھا جاتا ہے۔ گیارہواں گھر اپنے عزیزوں و اقارب کے ماحول سے تعلق رکھتا ہے۔ اس لئے دوبارہ عزیز سے ملاقات کو بھی گیارہویں گھر سے دیکھیں گے۔ قمر سفر کا سیارہ ہے اس کی شرکت کے بغیر سفر ممکن

نہیں ہوتا۔ روپیہ پیسہ اور مالی آسائش کے لئے دوسرے' چھٹا اور گیارہویں گھر کو دیکھتے ہیں۔ دوسرا گھر ذاتی مالی حیثیت اور جمع شدہ رقم کو ظاہر کرتا ہے۔ چھٹا گھر نوکری اور فرض جسمی کے ذریعوں سے کمائی کی نشاندہی کرتا ہے۔ بارہواں ساتویں گھر سے چھٹا ہوتا ہے اس لئے یہ مد مقابل کو نقصان پہنچا کے آپ کو نفع دیتا ہے۔ دوسروں سے مال و متاع کی وصولی کا ذریعہ ہے۔ دسواں گھر ہر طرح کے کاروبار سے چاہے وہ اپنا ہی ہو جیسے نوکری اور کاروبار' ملازمت کو بھی ظاہر کرتا ہے جبکہ شمس کاروباری ذریعوں کو ظاہر کرتا ہے۔ اگر آپ کو تبدیلی روزگار' ملازمت کو دیکھنا ہے تو پہلے' پانچویں اور نویں گھر کو دیکھئے۔ ان باتوں میں ترقی دیکھنا ہو تو دوسرے' چھٹے اور دسویں اور گیارہویں گھر کو دیکھیں۔ انہی گھروں سے ہم بحالی روزگار' ملازمت اور قسمت کو دیکھیں گے۔ پہلا گھر دوسرے گھر سے بارہواں ہے۔ دوسرا گھر ذاتی کمائی اور روزگار سے تعلق رکھتا ہے۔ آٹھواں گھر ملازمت اور روزگار میں تعطل' جرمانہ وغیرہ کو ظاہر کرتا ہے۔ نواں گھر دسویں سے بارہواں ہے۔ ذاتی حیثیت کو نقصان' کاروبار اور ملازمت میں تنزل و تعطل' ذاتی نام و نمود کو بھی اسی گھر سے دیکھتے ہیں جبکہ عام نقصان کو بارہویں گھر سے دیکھیں گے۔ اگر ملازمت سے برطرفی' شہرت کو نقصان یا کاروبار سے فراغت دیکھنا ہو تو پہلا' پانچواں' نواں اور بارہواں گھر دیکھتے ہیں۔ زندگی کے کسی بھی شعبے میں نقصان پانچویں چھٹے سے بارہواں ہے۔ اس لئے کاروبار' دفتری حاضری کو بھی یہی گھر ظاہر کرتا ہے۔ اگر آپ کو پنشن یا گریجویٹی کے بارے میں دیکھنا ہو تو آٹھویں گھر کو پرکھنا ہوگا۔ مالی فائدہ' لاٹری سے فائدہ' دوسرا' تیسرا' چھٹا اور گیارہواں دیکھتے ہیں۔ تیسرا گھر لاٹری اور عوام سے مالی امداد کو بھی ظاہر کرتا ہے۔ اگر ریس' گھڑ دوڑ یا کاروبار سے فائدہ دیکھنا چاہتے ہیں تو پانچویں کو دیکھیں۔ مشتری سرمایہ کاری کا کارندہ ہے۔ کیونکہ مشتری مال و مالیات سے تعلق رکھتا ہے۔ ذاتی کاروبار کے لئے دوسرا' ساتواں اور دسواں گھر دیکھے جاتے ہیں ساتواں گھر لوگوں سے کاروبار کو ظاہر کرتا ہے۔ مصنوعات یا تیار کردہ مال کی خرید و فروخت ساتواں اس بات سے تعلق رکھتا ہے۔

علم نجوم میں پیش گوئی کرنا آسان بات نہیں ہے تاہم ہم نے کوشش کی ہے کہ اس بارے میں کچھ اصول اور ان کے اطلاق کے طریقوں کو طلبائے نجوم کے سامنے پیش کریں۔ سو ہم نے ایک کوشش کی ہے دیکھیے ہم اس میں کہاں تک کامیاب ہوتے ہیں۔ اس کا فیصلہ اس تحریر کے قاری حضرات ہی کر سکیں گے کہ ہم اس کوشش میں کہاں تک کامیاب رہے ہیں۔

OCTOBER 2004

57

GOLDEN YEARS

روحانی

ماہنامہ

آئینہ قسمت

لاہور

مستقبل کے مستقل وزیراعظم کا مستقبل؟

نجوم کی روشنی میں

طالب دعاشاھد علی جھلم

چاند و سورج گرہن کے اعمال



ایڈوانس پرائز بانڈز

لکی نمبرز کا سلسلہ

ASTRO